# 109325 ـ حج کیلئے سفر کی استطاعت نہ رکھنے والے رشتہ دار کی طرف سے حج کیا جا سکتا ہے؟

**سوال**

کیا کوئی مسلمان جس نے پہلے اپنا حج کیا ہوا ہو چین سے تعلق رکھنے والے اپنے کسی رشتہ دار کی طرف سے حج کرسکتا ہے ؟ کیونکہ وہ شخص حج کی ادائیگی کیلئے سفر کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا۔

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ایسا مسلمان جس نے اپنا حج ادا کر لیا ہے وہ کسی دوسرے کی طرف سے حج کر سکتا ہے، مثال کے طور پر وہ عمر رسیدہ ہے، یا ایسی بیماری میں مبتلا ہے جس سے شفا یاب ہونے کی امید نہیں، یا وہ فوت ہوچکا ہے؛ اس بارے میں صحیح احادیث موجود ہیں، اور اگر جس کی طرف سے حج کا ارادہ ہے وہ کسی عارضی رکاوٹ کی وجہ سے حج کی ادائیگی نہیں کرسکتا مثلاً: ایسی بیماری اسے لاحق ہے جس سے شفا یابی کی امیدہے، یا کوئی سیاسی عذر ہے، یا سفر کیلئے راستہ پر امن نہیں وغیرہ ؛ تو ایسی شکل میں اس کی جانب سے حج کرنا کافی نہیں ہوگا۔

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، وصلی اللہ علی نبینا محمد وآلہ وصحبہ و سلم. انتہی

دائمی کمیٹی برائے فتوی اور علمی بحوث

الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز.... الشیخ عبد الرزاق عفیفي... الشیخ عبد اللہ بن قعود.